**Adeel / Fazil**

**06-12-2024**

**08.30 Hrs**

**HL-Opening**

آ کاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

**(Music)**

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں ارجمند علی خاں

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---

☆ وزیر اعظم نریندر مودی آج نئی دلی کے بھارت منڈپم میں اشٹھ لکشمی مہوتسو کا افتتاح کریں گے جس میں شمال مشرقی ریاستوں کی گو نا گوں ثقافت کو پیش کیا جائے گا۔

☆ مرکز اور ایشیائی ترقیاتی بینک نے میگھالیہ میں موسم کے مطابق پانی کو ذخیرہ کرنے کیلئے 5 کروڑ ڈالر کے قرض کے ایک معاہدے پر دستخط کئے ہیں۔

☆ بھارتیہ ریزرو بینک آج اپنے دو ماہی اقتصادی پالیسی فیصلوں کا اعلان کرے گا۔

☆ ملک آج مہاپری نروان دِوس پر بھارت رتن ڈاکٹر بی آر امبیڈکر کو اُن کی 69 ویں برسی پر خراج عقیدت پیش کررہا ہے۔

☆ کرکٹ میں آج شارجہ میں مردوں کے 19 سال سے کم عمر کے ایک روزہ میچوں کے ایشیا کپ کے سیمی فائنل میں بھارت کا مقابلہ سری لنکا سے ہوگا۔

☆ اور آج Adelaide کے Oval میں

بھارت اور آسٹریلیا کے درمیان بارڈر گاوسکر ٹرافی کے تحت دوسرا ٹسٹ شروع ہورہا ہے۔

**(Music)**

اب خبریں تفصیل سے۔

**Rev.PM-Ashtalakshmi**

وزیر اعظم مودی آج نئی دلّی کے بھارت منڈپم میں Ashtalakshmi مہوتسو کا افتتاح کریں گے۔ تین روزہ فیسٹیول کا مقصد 8 شمال مشرقی ریاستوں کے ثقافتی، سماجی اور اقتصادی تانے بانے کو اُجاگر کرنا ہے۔ یہ مہوتسو 8 شمال مشرقی ریاستوں کی ثقافت، ٹیکسٹائل کی درخشاں صنعت، فنکاروں کی دستکاریوں، سیاحتی مواقع اور نادر مصنوعات کو اُجاگر کرنے کے لیے غیر معمولی پلیٹ فارم فراہم کرے گا۔ فیسٹیول کے دوران 250 سے زیادہ فنکار اپنی منفرد دستکاریوں، ہینڈلوم اور زرعی و باغبانی فصلوں

بشمول 34 جی-آئی ٹیگ والی اشیاء کی نمائش کریں گے۔

ہمارے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ یہ مہوتسو ایک فیشن شو، ڈیزائن کانکلیو کے علاوہ خریدار اور فروخت کنندگان کی ایک میٹنگ کی بھی میزبانی کرے گا۔

یہ مہوتسو بامعنی اشتراک اور طویل مدّتی اقتصادی اثرات کے لیے ایک اہم پلیٹ فارم فراہم کرے گا۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

**V/C Dipender Kumar**

یہ مہوتسو آٹھ مشرقی ریاستوں، اروناچل پردیش، آسام، منی پور، میگھالیہ، میزورم، ناگالینڈ اور تریپورہ کی ثقافت سے متاثر ہے اور بنیادی طور پر ***Ashta Lakshmi*** کے نام سے جانا جاتا ہے۔ یہ شمال مشرقی ریاستوں کی ثقافت کو نمایاں کرتا ہے۔ اس تقریب میں شمال مشرقی بھارت کے مشہور موگا اور اری سلک کے لئے خصوصی پویلین ، دستکاری کی براہ راست نمائش اور خطے کی جغرافیائی اشاریے کی مصنوعات پر خصوصی توجہ دی جائے گی۔

یہ مہوتسو اقتصادی ترقی کے لئے ایک عنصر کے طور پر کام کرے گا جس سے شمال مشرقی ریاستوں کے کاریگروں، بنکروں اور نئے کاروباریوں کے مواقع پیدا ہوں گے۔

دیپیندر کمار کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں۔۔۔۔۔۔۔اسداللہ

اس سے قبل ناگالینڈ میں ایک کمیونٹی پرگرام میں اظہار خیال کرتے ہوئے وزیر اعظم مودی نے اُجاگر کیا تھا کہ **Ashtalakshmi** مہوتسو دلّی اور شمال مشرقی خطّے کے درمیان خلیج کو پُر کرنے میں ایک کلیدی رول ادا کرے گا۔

**S/B PM Modi on North East**

**Centre ADB**

مرکز اور ایشیائی ترقیاتی بینک نے میگھالیہ میں موسم کے مطابق پانی کو ذخیرہ کرنے کیلئے 5 کروڑ ڈالر کے قرض کے ایک معاہدے پر دستخط کئے ہیں۔ موسم کے مطابق کمیونٹی پر مبنی پانی ذخیرہ کرنے کے اِس پروجیکٹ سے متعلق لون معاہدے پر دستخط کُل اقتصادی امور کے محکمے میں جوائنٹ سکریٹری جوہی مکھرجی اور ADB کے انڈیا ریزیڈنٹ مشن کے کنٹری ڈائرکٹر Mio Oka نے کئے۔

اِس پروجیکٹ کے تحت 12 اضلاع میں پانی ذخیرہ کرنے کے 532 چھوٹے مراکز کو تعمیر کرنے کی خاطر مدد فراہم کی جائے گی۔ انہیں اِس طرح سے تیار کیا جائے گا کہ یہ مانسون کے دوران شدید بارش اور اچانک سیلاب کا مقابلہ کرسکیں اور اِن کا ڈیزائن موسم کی سختی کو برداشت کرسکے گا۔

اِن میں ذخیرہ کیا گیا پانی، پانی کی قلت کے دوران اُس کی فراہمی کو بہتر بنائے گا۔ اِس پروجیکٹ کے تحت تین ہزار ہیکٹئر کا کمانڈ ایریا تیار کیا جائے گا تاکہ کسانوں کو آبپاشی کی یقینی سہولت فراہم ہوسکے۔ اِس کے تحت Garo, Jaintia اور Khasi خطوں میں موسم سے متعلق 50 اسٹیشن بھی قائم کئے جائیں گے جہاں موسم سے متعلق اعداد و شمار کو جمع کیا جائے گا اور اُن کا جائزہ لیا جائے گا۔x

**RBI Monetary Policy**

بھارتیہ ریزرو بینک RBI آج اپنے دو ماہی اقتصادی پالیسی فیصلوں کا اعلان کرے گا۔ اقتصادی پالیسی سے متعلق کمیٹی نے RBI کے گورنر شکتی کانت داس کی زیر صدارت بڑھتے افراط زر پر تشویش کے درمیان بدھ کے روز اپنا تین روزہ تبادلۂ خیال شروع کیا تھا۔

ماہرین کا خیال ہے کہ مرکزی بینک ریپوریٹ کو جوں کا توں برقرار رکھ سکتا ہے لیکن کیش ریزرو ریشو CRR میں تبدیلی پر غور کرسکتا ہے۔

RBI نے فروری 2023 کے بعد سے ریپوریٹ یا قلیل مدتی قرض کی شرح کو تبدیل نہ کرتے ہوئے اِسے چھ اعشاریہ پانچ فیصد رکھا ہے۔ CRR بھی مئی 2022 کے بعد سے تبدیل نہیں ہوا ہے اور یہ چار اعشاریہ پانچ فیصد پر برقرار ہے۔x

**Pradhan Evidya Channel**

تعلیم کے مرکزی وزیر دھرمیندر پردھان آج نئی دلی میں بھارتی Sign Language کیلئے PM e-VIDYA DTH Channel No. 31 کا آغاز کریں گے۔ اس تقریب میں ہنرمندی کے فروغ اور تعلیم کے مرکزی وزیر مملکت جینت چودھری بھی شرکت کریں گے۔

**India China**

بھارت اور چین نے دونوں حکومتوں کے درمیان طے پانے والے متعلقہ دوطرفہ معاہدوں، پروٹوکول اور مفاہمت کے مطابق موثر سرحدی انتظام اور امن و امان کو برقرار رکھنے کی ضرورت پر اتفاق کیا ہے۔

بھارت-چین سرحدی امور WMCC پر مشاورت اور رابطہ کاری کے لیے ورکنگ میکانزم کی 32ویں میٹنگ کل نئی دلّی میں منعقد ہوئی۔ بھارت وفد کی قیادت وزارت خارجہ میں مشرقی ایشیا امور کے جوائنٹ سکریٹری گورنگ لال داس نے کی جبکہ چینی وفد کی قیادت چینی وزارت خارجہ کے سرحدی اور سمندری امور کے محکمے کے ڈائریکٹر جنرل ہانگ لیانگ نے کی۔ دونوں فریقوں نے سرحدی علاقوں کی صورتحال کا جائزہ لیا اور 2020 کے واقعات سے سیکھے گئے اسباق پر غور کیا تاکہ ان واقعات کو دوبارہ وقوع پذیر ہونے سے روکا جا سکے۔

اس تناظر میں، انہوں نے قائم کردہ میکانزم کے ذریعے سفارتی اور فوجی سطح پر باقاعدہ تبادلوں اور رابطوں کی اہمیت کو اجاگر کیا۔x

**President Babasaheb Ambedkar**

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے آج صبح اڈیشہ کے بھوبنیشور میں بھارتی آئین کے معمار بھارت رتن ڈاکٹر بی آر امبیڈکر کو خراج عقیدت پیش کیا۔ صدر جمہوریہ آج دوپہر میور بھنج ضلع میں اپنے آبائی مقام Uparbeda کا دورہ کریں گی۔ صدر جمہوریہ اپنی آبائی ریاست اڈیشہ کے پانچ روزہ دورے پر منگل کے روز بھوبنیشور پہنچی تھیں۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

**VC- Prakash Das**

اڈیشہ کے میورب‍ھنج ضلعے کے Uparbeda کیلئے چھ دسمبر محض ایک تاریخ نہیں بلکہ ایک تاریخی لمحہ ہوگا۔ اِس سرزمین کی بیٹی صدر جمہوریہ دروپدی مرمو اپنے گاؤں اپنے گاؤں آئی ہیں جہاں انہوں نے اپنی زندگی کا شروعاتی حصہ گزارا تھا۔ Uparbeda کا پورا گاؤں اُن کے استقبال کیلئے پوری طرح تیار ہے۔ مکانوں پر تازہ رنگ روغن کیا گیا ہے، سڑکیں صاف کی گئی ہیں اور دیگر سجاوٹ بھی کی گئی ہے۔ صدر جمہوریہ Uparbeda کے سرکاری پرائمری اسکول کا بھی دورہ کریں گی جہاں انہوں نے ایک طالبہ کی حیثیت سے اپنی ابتدائی تعلیم حاصل کی تھی۔ مجموعی طور پر صدر جمہوریہ کیلئے یہ جذباتی لمحات ہوں گے اور یہاں گزارا گیا ہر لمحہ انہیں یاد آئے گا۔ وہ اپنے آبائی گھر بھی جائیں گی اور اپنے کنبے کے افراد سے بھی ملیں گی۔

بھوبنیشور سے پرکاش داس کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں۔۔۔محمد عمار

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو کل Bangriposi میں Bangiriposi سے Gorumahisani تک، Badampahad سے Keonjhar تک اور Budamora سے Chakulia تک تین ریل لائنوں کا افتتاح کریں گی۔

اِس کے علاوہ وہ اپنے دورے کے آخری دن Rairangpur قبائلی تحقیقی مرکز، Dand Bose ہوائی اڈے کی تعمیر اور Rairangpur اسپتال کو ایک سُپر اسپیشلٹی طبی مرکز میں تبدیل کئے جانے کا بھی سنگ بنیاد رکھیں گی۔ x

**BREAK**

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

**GONG**

**Mahaparinirvan Diwas**

بھارت کے آئین کے معمار، بھارت رتن ڈاکٹر بی آر امبیڈکر کی 69 ویں برسی کے موقع پر آج مہاپری نروان دِوس منایا جا رہا ہے۔ اس دن، ملک ایک منصفانہ اور جامع معاشرے کی تعمیر کے لیے باباصاحب امبیڈکر کی تعلیمات اور عزم کی عکاسی کرتے

ہوئے اُنہیں خراج عقیدت پیش کرتا ہے۔

ملک کی تعمیر میں ڈاکٹر امبیڈکر کے گراں قدر تعاون کو اُجاگر کرنے کے لیے ملک بھر میں کئی پروگراموں کا انقعاد کیا جا رہا ہے۔ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو، نائب صدر جمہوریہ جگدیپ دھنکھڑ، وزیر اعظم نریندر مودی، لوک سبھا اسپیکر اوم برلا، راجیہ سبھا کے نائب چیئرمین ہری ونش، پارلیمنٹ کے دیگر ارکان سمیت کئی معزز رہنما نئی دلّی میں پارلیمنٹ ہاؤس کمپلیکس کے پریرنا استھل میں بھارتی آئین کے اعلیٰ معمار کو گلہائے عقیدت پیش کریں گے۔

ڈاکٹر امبیڈکر ایک قابل احترام رہنما، مفکر، دانشور، ماہر اقتصادیات اور سماجی مصلح تھے، جنھوں نے اپنی پوری زندگی مساوات اور ذات پات کی بنیاد پر امتیازی برتاؤ کے خاتمے کے لیے وقف کر دی۔ بابا صاحب کو 1990 میں بعد از مرگ بھارت رتن سے نوازا گیا تھا۔×

**Mumbai-Mahaparinirvan Diwas**

مہاراشٹر میں، آج مہاپری نروان دِوس کے موقع پر ممبئی میں واقع بابا صاحب ڈاکٹر بی آر امبیڈکر کی آخری آرام گاہ Chaitya Bhoomi پر متوقع لوگوں کے ہجوم کے پیش نظر وسیع پیمانے پر انتظامات کیے گئے ہیں۔ بابا صاحب ڈاکٹر بی آر امبیڈکر کو اُن کی 69 ویں برسی پر خراجِ عقیدت پیش کرنے کے لیے ملک بھر سے لاکھوں لوگوں کے ممبئی میں جمع ہونے کا امکان ہے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

**V/C Prarthna**

*گریٹر ممبئی کی میونسپل کارپوریشن نے اس کے لیے وسیع پیمانے پر تیاریاں کی ہیں، جن میں بڑے ہجوم کا انتظام کرنے کے لیے عارضی پنڈال اور پناہ گاہیں تیار کی گئی ہیں۔ اس کے علاوہ اس میں ایک کنٹرول روم، ایمبولینس، پورٹیبل بیت الخلا، پینے کے پانی کے مراکز اور صحت کی جانچ اور علاج و معالجہ کے لیے طبّی مراکز بھی قائم کیے گئے ہیں۔*

*Wadala اور Kurla LTT Terminus میں واقع ڈاکٹر امبیڈکر کالج میں بھی ٹرانسورٹ اور ضروری خدمات جیسے کہ پینے کا پانی اور بیت الخلا کا انتظام کیا گیا ہے۔ وسطی ریلوے اس موقع پر مسافروں کی بھیڑ کے پیش نظر خصوصی ٹرینیں بھی چلا رہا ہے۔*

*ممبئی سے پرارتھنا کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں ........................اسد اللہ*

**MP- Mahapari Nirwan Diwas**

مدھیہ پردیش میں بابا صاحب امبیڈکر کے مہانران دِوس کے موقع پر آج کئی تقریبات منعقد کی جا رہی ہیں۔ امبیڈکر پنچ تیرتھ میں سے ایک Mhow میں ان کی جائے پیدائش پر خراج عقیدت پیش کیا جائے گا۔ اس کے علاوہ ساگر-کے ڈاکٹر ہری سنگھ گور یونیورسٹی میں ایک لیکچر کا بھی اہتمام کیا جائے گا۔

اِدور میں اکھل بھارتیہ انو سوچت جاتی یوا جَن سماج نے آج شام کو ایک خراج عقیدت میٹنگ کا اہتمام کیا ہے۔x

**Cricket U 19 Asia Cup**

کرکٹ میں، آج شارجہ میں مردوں کے 19 سال سے کم عمر کے ایشیا کپ ایک روزہ بین الاقوامی میچ کے سیمی فائنل میں بھارت کا مقابلہ سری لنکا سے ہوگا۔ یہ میچ بھارتی وقت کے مطابق صبح ساڑھے 10 بجے شروع ہوگا۔ دوسرے سیمی فائنل میں آج دبئی میں پاکستان کا مقابلہ بنگلہ دیش سے ہوگا۔

بھارت آخری گروپ میچ میں میزبان متحدہ عرب امارات کو 10 وکٹ سے ہرا کر سیمی فائنل میں پہنچا ہے۔ بھارت جاپان اور متحدہ عرب امارات کو ہرا کر اپنے گروپ میں دوسرے مقام پر ہے، بھارت کو افتتاحی میں پاکستان سے شکست کا سامنا کرنا پڑا تھا۔x

**Cricket BGT Test**

کرکٹ میں آج Oval کے Adelaide میں بھارت اور آسٹریلیا کے درمیان بارڈر گاوسکر ٹرافی کے تحت دوسرا ٹسٹ میچ شروع ہورہا ہے۔ یہ میچ بھارتی وقت کے مطابق صبح ساڑھے 9 بجے سے کھیلا جائے گا۔ یہ مقابلہ ڈے نائٹ میچ ہوگا اور پنک بال سے کھیلا جائے گا۔ پرتھ میں پہلے ٹسٹ میچ میں جیت حاصل کرنے کے بعد مہمان ٹیم بھارت سیریز میں ایک-صفر سے سبقت حاصل کئے ہوئے ہے اور وہ جیت کے سلسلے کو برقرار رکھنا چاہیئے گی۔ وہیں آسٹریلیا میچ جیت کر سیریز کو برابر کرنے کی کوشش کرے گی۔

بھارت کے لئے کپتان روہت شرما اور بلے باز شبھمن گِل کے ٹیم میں کھیلنے کا امکان ہے۔

پہلے ٹسٹ میچ میں شاندار جیت کے بعد آئی سی سی عالمی ٹسٹ چمپئن شپ درجہ بندی میں بھارت سرفہرست آگیا ہے۔x

**CHESS WORLD CHAMPIONSHIP**

عالمی شطرنج چمپئن شپ میں بھارت کے گرینڈ ماسٹر Dommaraju Gukesh اور چین کے دفاعی چمپئن Ding Liren کے درمیان گل سنگاپور میں ایک اور میچ برابری پر ختم ہوا۔

نویں گیم میں Gukesh سفید مہروں کے ساتھ کھیلے لیکن شروعات میں مہرے بدلنے کے باوجود مقابلے کو جیتنا ممکن نہیں ہوپایا۔ آخر کار 54 چالوں کے بعد دونوں کھلاڑیوں نے کھیل کو برابری پر ختم کرنے سے اتفاق کیا۔

لگاتار چھٹا میچ ڈرا ہونے کے ساتھ Liren اور Gukesh دونوں کے ساڑھے چار پوائنٹ ہیں۔ یہ خطاب 14 مقابلوں پر مبنی ہے۔ دونوں ہی کھلاڑیوں کو چمپئن شپ کا خطاب جیتنے کیلئے مزید تین پوائنٹس کی ضرورت ہے۔x

**Extended Viksit Bharat Quiz**

نوجوانوں کے امور اور کھیلوں کے مرکزی وزیر ڈاکٹر منسکھ مانڈویا نے، جاری وِکست بھارت کوئز چیلنج میں شرکت کی تاریخ کو بڑھانے کا اعلان کیا ہے۔ نوجوان اب وِکست بھارت کوئز چیلنج میں اس ماہ کی 10 تاریخ تک شرکت کر سکتے ہیں۔ اس سے پہلے شرکت کی آخری تاریخ 5 دسمبر تھی۔ کوئز میں حصہ لینے کے لیے نوجوان مائی بھارت پلیٹ فارم پر جا سکتے ہیں۔ وِکست بھارت کوئز چیلنج 15 سے 29 سال کی عمر کے تمام نوجوانوں کے لیے کھلا ہے، جو وِکست بھارت کے لیے اپنے خیالات کا اشتراک کر سکتے ہیں۔

نوجوانوں کے امور اور کھیلوں کی وزارت ملک کے نوجوانوں کی حوصلہ افزائی کرتی ہے کہ اس شاندار موقع کا فائدہ اُٹھائیں اور اپنی بات لوگوں تک پہنچائیں۔

جیتنے والے شرکاء اگلے برس 11 اور 12 جنوری کو نئی دلّی کے بھارت منڈپم میں وزیر اعظم نریندر مودی کے سامنے وِکست بھارت کے لیے اپنا نظریہ اور خیالات پیش کریں گے۔

پچھلے مہینے ڈاکٹر مانڈویا نے نیشنل یوتھ فیسٹیول 2025 کو وِکست بھارت ینگ لیڈرس ڈائیلاگ میں تبدیل کرنے کا اعلان کیا اور نوجوانوں کو وِکست بھارت کوئز چیلنج میں شرکت کی دعوت دی تھی۔x

**IMD Weather**

بھارتی موسمیات محکمے IMD نے آج وسطی مہاراشٹر اور تملناڈو ، پدوچیری اور کرائکل میں کہیں کہیں گرج چمک کے ساتھ چھینٹے پڑنے کی پیشگوئی کی ہے۔ IMD نے جنوب مشرقی خلیج بنگال کے جنوبی حصوں میں ہوا کے تیز جھکڑ جیسی صورتحال کی بھی پیشگوئی کی ہے۔ موسمیات کے محکمے نے اِس خطے میں ماہی گیروں سے سمندر نہ جانے کو کہا ہے۔

IMD کے مطابق آئندہ تین دنوں کے دوران شمال مغربی بھارت میں کم از کم درجۂ حرارت میں دو ڈگری سیلسیس کی کمی آنے کا امکان ہے۔ x

**Delhi Pollution**

قومی راجدھانی دلی میں ہوا کا معیار بہتر ہوکر معتدل کے زمرے میں آ گیا ہے اور آج صبح سات بجے ہوا کے معیار سے متعلق اوسط اشاریہ 186 درج کیا گیا۔ آلودگی کی روک تھام سے متعلق مرکزی بورڈ کے مطابق شہر کے کچھ علاقوں میں AQI دو سو سے زیادہ رہا ہے۔ دلی کے شادی پور اسٹیشن میں AQI دو سے ستاسی، آنند وہار میں 246 اور منڈکا میں 245 درج کیا گیا۔

بھارتی موسمیات محکمے نے دلی اور اُس سے متصل NCR میں آئندہ دو دنوں کے دوران شام اور رات کے وقت دھواں اور دھند اور ہلکا کہرا چھائے رہنے کی پیشگوئی کی ہے۔

**Wrestling**

بینگلورو کے کورامنگلا انڈور اسٹیڈیم میں آج سے شروع ہونے والی سینئر نیشنل ریسلنگ چمپئن شپ 2024 میں سرفہرست بھارتی

پہلوان حصہ لیں گے۔ اس پر وقار تقریب میں کُل 24 ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقے حصہ لیں گے۔ ملک بھر سے 700 سے زائد شرکاء نے اندراج کرایا ہے۔ ہریانہ اس چمپئن شپ میں برتری حاصل کرنے کے لئے تیار ہے جس میں ریاست بھر کے 28 پہلوان مختلف زمروں میں حصہ لے رہے ہیں۔ میزبان کرناٹک بھی 32 پہلوانوں کے ساتھ اس کا مضبوط دعویدار ہے۔

کلیدی پہلوان کھلاڑی منی پور کی وائی ینا کشی دیوی شامل ہیں جنہوں نے اس سال 23 سال سے کم عمر کے ایشین چمپئن شپ میں اردن میں گولڈ جیتا تھا۔

ہریانہ کی جیوتی جنہوں نے کیڈٹ ایشین چمپئن میں میڈل جیتا تھا،اہم کھلاڑیوں میں سے ایک ہیں۔

مردوں کے زمرے میں ارجن انعام یافتہ اور ایشیائی گیم میں کانسے کا تمغہ جیتنے والے ہریانہ کے سُنیل دابرپوریا کناڈا میں 2023 میں عالمی پولیس گیم میں گولڈ میڈل حاصل کرنے والے سَنی کے ساتھ اس مقابلے میں حصہ لیں گے۔x

یہ خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......اسد اللہ

شکریہ –ارجمند

قومی راجدھانی دلّی سے شائع ہونے والے آج کے تقریباً سبھی اخباروں نے الگ الگ خبروں کو شہ سرخیوں میں جگہ دی ہے۔

آج کے سبھی اخباروں نے دیویندر فڑنویس کے مہاراشٹر کے تیسری مرتبہ وزیر اعلیٰ بننے کی خبر کو صفحۂ اوّل پر جگہ دی ہے۔ روزنامہ انقلاب لکھتا ہے کہ حلف برداری کی تقریب میں وزیر اعظم سمیت دیگر ریاستوں کی اہم سیاسی شخصیات موجود رہیں۔

روزنامہ راشٹریہ سہارا، انقلاب، ہندوستان ایکسپریس اور ملاپ سمیت کئی اخباروں نے صدر جمہوریہ دروپدی مرمو کے اس بیان کو نمایاں کیا ہے، جس میں انہوں نے طلبا پر زور دیا ہے کہ وہ بھارت کو ایک ترقی یافتہ ملک بنائیں۔ انہوں نے اُڈیشہ یونیورسٹی آف ایگریکلچر کے جلسۂ تقسیم اسناد سے خطاب کیا۔

روزنامہ ملاپ نے جناب منموہن کو سپریم کورٹ کے جج کے طور پر حلف لینے کی خبر کو اہمیت کے ساتھ جگہ دی ہے۔ چیف جسٹس سنجیو کھنہ نے اُنہیں عہدے اور رازداری کا حلف دلایا۔

روس کے صدر ولادیمیر پتن نے بھارتی حکومت کی انڈیا فرسٹ پالیسی اور میک اِن انڈیا پہل کی تعریف کی ہے۔ اس کے علاوہ

آج کے اخباروں نے انڈین ائیر کرافٹ بل 2024 کو پارلیمنٹ سے منظور کیے جانے اور ہیمنت سورین کی کابینہ میں توسیع کی خبر کو اہمیت کے ساتھ جگہ دی ہے۔

اخبارات کی بین الاقوامی خبریں کچھ اس طرح ہیں۔

☆ متحدہ عرب امارات کے صدر کا امریکہ کا پہلا دورہ

☆ بھارت کے خارجہ سیکریٹری اگلے ہفتے بنگلہ دیش کا دورہ کریں گے۔

☆ بھارت اور کویت نے اپنے تعلقات کو مزید مستحکم کیا۔

## آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

☆ وزیر اعظم نریندر مودی آج نئی دلی کے بھارت منڈپم میں اشٹھ لکشمی مہوتسو کا افتتاح کریں گے جس میں شمال مشرقی ریاستوں کی گو نا گوں ثقافت کو پیش کیا جائے گا۔

☆ مرکز اور ایشیائی ترقیاتی بینک نے میگھالیہ میں موسم کے مطابق پانی کو ذخیرہ کرنے کیلئے 5 کروڑ ڈالر کے قرض کے ایک معاہدے پر دستخط کئے ہیں۔

☆ بھارتیہ ریزرو بینک آج اپنے دو ماہی اقتصادی پالیسی فیصلوں کا اعلان کرے گا۔

☆ ملک آج مہاپری نروان دِوس پر بھارت رتن ڈاکٹر بی آر امبیڈکر کو اُن کی 69 ویں برسی پر خراج عقیدت پیش کررہا ہے۔

☆ کرکٹ میں آج شارجہ میں مردوں کے 19 سال سے کم عمر کے ایک روزہ میچوں کے ایشیا کپ کے سیمی فائنل میں بھارت کا مقابلہ سری لنکا سے ہوگا۔

☆ اور آج Oval کے Adelaide میں

بھارت اور آسٹریلیا کے درمیان بارڈر گاوسکر ٹرافی کے تحت دوسرا ٹسٹ شروع ہورہا ہے۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

---------------------------------------